<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی</u>: ہمارے پاس اس وقت صوبے میں اگر آپ دیکھیں باقی Provinces کے مقابلے میں ہم انڈسٹری کے لحاظ سے بہت بیٹھے ہوئے ہیں اور اس کی Main وجہ یہ ہے ہماری Sick industriesکی، کہ لوگوں کے اوپر بے انتہاMark upsہیں انLoansپر جوانہوں نے انڈسٹریز کیلئے تھے تواگر کسی صورت سے انMark upsکو کسی طرح، یہ جو ایک پھندا پڑا ہوا ہے،اس کو ختم کریں تو باقی Provinces کی طرح ہم بھی Competition میں آسکتے ہیں اور گدون امازئی کادوبارہ پھر ہم Revivalکر سکتے ہیں اور سر، یہ چھوٹا سا ایک میں آپ کوClippingدکھادوں،اخبار میں ہے فاٹاکیلئے 12ارب14کروڑ کا بجٹ منظور تو What has poor PATA done پاٹا بھی تو کچھ ہے ناں۔ After all it is a Provincially Administered Tribal Area. It comes under the province.تواس کیلئے کچھ نہیں تو کم از کم وہاں بھی کوئی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ہونی چاہیئے، وہاں بھی کوئی یونین کونسلرہونی چاہئیں،وہاں اگرناظم کو،وہ ناظم اعلیٰ نہیں توضلعی ناظم کرکے اوران کو بھی کچھ فنڈز دیئے جائیں۔ وہ بھی ہماری طرف ہی دیکھ رہے ہیں تو بجٹ میں پاٹاکیلئے کچھ نہیں، پھر میں کہوں گی سر، کہ وہ تھوڑے سے منظور نظرایک آدھ جو آج نہیں ہیں،ان کے ایریاز کو تو بہت کچھ ملاہے لیکن دیکھیں سر،ایک کو ملنے سے کچھ نہیں ہوتااور جناب عالی، تھوڑا سا میں ایک منٹTouch کرنا چاہوں گی کہ اگر آپ کو یاد ہو۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: کہ اسمبلی میں، اسمبلی میں آپ نہیں سننا چاہتے تو میں بیٹھ جاتی ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں پلیز۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: اسمبلی میں میں ایک ایڈ جرمنٹ موشن لے کر آئی تھی جس پر ہمارا یہاں تھوڑا سا اختلاف بھی ہو گیا تھا جو میں سمجھتی ہوں کہ وہ ایسا Juvenile delinquent Act ہے جو Province کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، آرڈر پلیز۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: بھی Adopt کرنا چاہئیے اگر فیڈرل لاء ہے تو اس کو چھوڑا نہ جائے کیونکہ بے شمار، بے شمار بچے ہمارے پڑے ہوئے ہیں جو فعال شہری بن سکتے ہیں اور Contribute کر سکتے ہیں ہمارے سسٹم کو۔ تعلیم سے وہ محروم ہیں، ہنر سیکھنے سے وہ محروم ہیں تو براہ مہربانی فنانس منسٹر صاحب ان کیلئے کچھ کریں میں آپ کو یہ نہیں کہہ رہی کہ آپ بجٹ کو Change کریں لیکن ساتھ ساتھ میری یہ بھی درخواست ہے کہ بجٹ آپ نے بنا لیا ہے جس کو آپ نے جو دینا تھا دے دیا ہے لیکن میری آپ سے ریکویسٹ ہے کہ آپ ہمیں بھی کچھ دیں، آپ ہمیں بھی کچھ دیں۔ اس میں آپ کے پاس فنڈز ہیں، آپ کے چیف منسٹر صاحب کے پاس فنڈز ہیں تو میری آپ سے یہ درخواست ہے، میں لڑائی بھی نہیں کرنا چاہتی ہوں، جھگڑا وہ اسمبلی سے باہر میں کرتی رہتی ہوں لیکن اندر تو میں ریکویسٹ کروں گی آپ سے کہ براہ مہربانی اپوزیشن کے ساتھ یہ سوتیلی ماؤں سے بدتر سلوک نہ کریں۔ آپ دیکھیں آج آپ Powers میں ہیں، کل اگر ہم Powers میں ہوئے تو پھر کیا ہو گا؟ بہت بری بات ہے، ہم تو یہ نہیں کرنا چاہتے، ہم چاہتے ہیں آپ اس طریقے سے چلیں کہ ہم کل جیسے آج آپ ہمارا خیال رکھیں گے، کل ہم آپ کا خیال رکھیں گے اور وہ لوگ جو آپ سے خوش آج ہوں گے وہ تب بھی آپ سے خوش ہوں گے کیونکہ یہ وقت وقت کی بات ہے۔ جیسے سر کہتے ہیں، ٹائم ٹائم کی بات ہے تو اس کا پتہ تو کچھ بھی نہیں چلتا۔ بہر صورت سر، میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں کہ میں نے جن Legal points پر بات کی ہے، فنانس منسٹر، ہیلتھ منسٹر اور ایجوکیشن منسٹر۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

محترمہ رفعت اکبر سواتی: ایک منٹ سر! دیکھیں جی آپ سارے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں جی ٹائم بالکل ختم ہے، ٹائم ختم ہے، ٹائم نہیں ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: نہیں سر، اقبال کے شعر سارے پڑھتے ہیں، مین بھی شعر پڑھوں گی۔

جناب سپیکر: پڑھیں، پڑھ لیں شعر آپ بھی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پڑھوں گی ناں سر، یہ کیا بات ہوئی، یہاں جو آتا ہے چھ چھ شعر پڑھتا ہے۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر میں کہوں گی۔

؎ ہم تو دشمن کو بھی پاکیزہ سزا دیتے ہیں ہاتھ ڈال کر۔۔۔۔۔

میں اقبال کا تھوڑا ہی پڑھ رہی ہوں۔

؎ ہم تو دشمن کو بھی پاکیزہ سزا دیتے ہیں ہاتھ اٹھاتے نہیں، نظروں سے گرا دیتے ہیں

بہت بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مطفر سید صاحب، مظفر سید صاحب۔

مولانا امان اللہ حقانی: پوائنټ آف آرډر، پوائنټ آف آرډر جی۔ یو خبر راغلې دے جی۔

جناب سپیکر: د دې نه روستو، روستو۔ هاں مظفر سید صاحب۔

جناب مظفر سید: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب سپیکر صاحب شکریه۔ بجټ باندې په بحث کښې د موقع را کولو یو ځل بیا شکریه ادا کوم۔ مختصر عرض دے چې په اوسنی بجټ کښې چې د کفایت شعارئ په حواله باندې کوم Steps اغستې شوې دی، بیرونی ملک ته د وزیرانو په صوبائی خرچه باندې دورے نه کول او دغه شان ته بیرونی ملک ته په صوبائی رقم باندې د علاج د پاره نه تلل او په ګاډو په خرید باندې پابندی او هغه نه اغستل او دغه شان ته بیرونی ملک ته په سیمینارونو او ورکشاپونو ته په صوبائی خرچه نه تلل، حقیقت دا دے چې دا یو ډیره مستحسنه او ډیره زبردسته فیصله ده۔ او دا د داد

قابله فیصله ده او مونږ د دې ستائینه کوؤ چې په اوسنئ بجټ کښې په دې باندې خبره شوې ده۔ او دا وایم چې یره کومے قرضے چې په روان مالی سال کښې چې هغه مونږ ته مرکزی حکومت به 5.7 ارب روپئ چې هغه په مونږ قرضے وے چې په هغې باندې مارک اپ هم، هغه ستره فیصد سالانه دے، نو د هغې بروقت دا بلکه قبل از وقت ادائیګی چې د هغې نه به 844 ملین روپئ بچت کیږی مونږ ته، دا هم د ستائینے وړ خبره ده چې یره په دې بجټ کښې په دې باندې بحث شوې دے او دا فیصله شوې ده۔ او آئنده له په دیکښې یو بلین روپئ سالانه بجټ اندازه ده۔ دغه شان ته صوبائی وصولیاتو کښې چې هغه تیر کښې دا چې لګولے شوې ده نو 51,459.7586 ملین روپے دا لګولے شوې ده۔ جبکه دا دس فیصد د پچهلے سال نه ډیره ده نو دا هم یو مستحسنه خبره ده۔ او زما یقین دا دے چې یره د دوئ دا قدام به هم د دې صوبے د عوامو د پاره، د دې صوبے د زېلئ شوې قوم د پاره ان شاءالله العزیز ډیر ښه رنګ راوړی۔ د بجلئ په فنډ کښې چې کوم د خالص منافع خبره ده چې هغه هم چې کوم تحمینه په دې بجټ کښې لګولے شوې ده نو هغه 17653 ملین روپئ ده۔ دا د روان سال د 15904 ملین روپئ باندې دا ګیاره فیصد اضافه زما په ذهن کښې ښائی۔ نو دا هم یو ډیر مستحسن اقدام دے۔ او دغه شان ته په تعلیم باندې د سهولیاتو د وسائلو د نشوالې باوجود چې دوئ کوم نظرثانی کړیده او په بجټ کښې ئے ورته زما اندازه دا ده چې 10090.637 ملین روپئ دوئ ایستلے دی، جبکه دا هم د آئنده مالی سال کښې بیا دوئ دا هم وئیلے دی چې 10978.829 ملین روپئ دا ایښودے شوې دی نو دا هم تقریباً 9 فیصد اضافه ښائی، جبکه دا هم چې یره خواتین یونیورسټی، میډیکل کالج علیحده، دا ډیره ښه خبره ده چې که وسائل اجازت ورکړی او دوئ ورته کومه اشاره کړې ده۔ نو دا هم ډیره ښه خبره ده چې دا اوشی۔ بعضے حالاتو کښې کله اوس ملاکنډ یونیورسټی د پاره، د کوهاټ یونیورسټی د پاره، د هزاره یونیورسټی د پاره چې کوم مختص کړے شوې دے لکه د ملاکنډ د پاره د 25 ملین ګرانټ منظوری شوې ده۔ د کوهاټ د پاره 40 ملین او د هزاره د پاره 35ملین نو زما په خیال باندې شائد چې دوئ لږ د کفایت شعارئ نه یا د دغه نه کار اغستې وی۔ ملاکنډ ډویژن د آبادئ په لحاظ باندې،

د آبادئ او د رقبے په لحاظ باندې هغه کم نه دے نو پکار ده چې هزاره او کوهاټ ته دا ټهیک اچولے شوې دی، د هغې د کمیډو خبره نه کوم، هغه هم د زیاتے دے خو چې ملاکنډ کم از کم د دې نه کم نه دے نو دا به ډیره ښه فیصله وه۔ البته د شکوے خبره خو پکښې دا هم ده چې په اوسنئ بجټ نوے آسامئ چې د هغې د اضافے چې کومه خبره شوې ده نو دا خو ایجوکیشن کښې څه لږه ډیره گزاره ده خو بهرحال هغه هم کمے دی، زه دا نه وائیم چې گنی هغه به دا کمے زمونږه پورا کړی۔ اوس دا دے چې لائیو سټاک ما دغه کتلونو په لائیو سټاک یوه آسامی ده۔ تاسو اندازه اولگوئ چې د خدائے هغه بے زبان مخلوق د هغې د علاج معالجے هیڅ انتظام نشته۔ په دې غرونو کښې، په درو کښې په دې علاقو کښې هیڅ پته نه لگی خو د هغې د پاره یوه آسامی، نو زما د معلوماتو مطابق نو چې دوئ ورته د یوے آسامئ د اضافے خبره کړیده نو دا کمے به یا دغه علاج یا دغه مشکل به مونږه په څه طریقه باندې Cover کوؤ خو شاید چې وسائل به اجازت نه ورکوی۔ خو بهرحال په دې چې په هر فیلډ کښې، په صحت کښې، ټولو درو کښې په ټولو علاقو کښې ډسپنسرئ د نشته، خلقو ته وسائل نشته زه نه وائیم چې د دې ذمه وار دا موجوده حکومت دے خو بهر حال دا کمے خو شته چې د دغے خلقو د علاج د پاره، د دغې خلقو د معالجے د پاره، د دغې خلقو د دې مشکل د کمولو د پاره انقلابی اقدامات پکار دی۔ بلکه زه خو دا وائیم چې یره دا ډسپنسریانے چې د هغې مسنتر هیلتھ ناست دے چې په دې باندې دوئ وائی چې مزید پابندی ده او دا سی کیټیگرئ او ډی کیټیگری او داسې څه اصطلاحات دوئ استعمالوی نو زه دا وائم چې ډسپنسری۔ یوکمره په هغې کښې یو ډسپنسر یا یو ټیکنیشن کوالفائیډ ملگرے ناست وی او هغه په ډیر کم وخت کښې او ډیر زر هغه علاج هغه مهیا کولے شی۔ نو شاید چې په دې بجټ کښې د ډسپنسریانو د پاره هم زه څه نه وائیم۔ نو دا به هم د دوئ د وسائلو کمے وی خو بهرحال دے د پاره دے ته څه توجه پکار وه چې په صحت کښې د دې سره سره د دغه خلقو کمے پوره شوې وے۔ زما مخې ته د صحت په باره کښې چې ما د ټورازم په باره کښې چې کوم نوټس او Hints اغستے دی نو چې څومره دا یوه اهم شعبه ده، څومره چې دے ته اهمیت پکار وو نو په اوسنی بجټ کښې ما ته

په هغې کښې ښکاری شاید چې وزیر متعلقه، منسټر صاحب به دلچسپی ډیره نه وی اغستې۔ خپل کمے به ئے یا خپل ضروریات به ئے هغوې ته نه وی ښودلی، ځکه چې هغه د هزارے سړے دے او ټور مور سره د هغه ډیر زیات تعلق نشته۔ هغه پخپله باندې تو بهرحال په دې باندې زما، زه وایم چې څومره پورے دے ته لکه زمونږه رور سراج الحق صاحب خو ورته ګمراټ وائی خو زما په خیال ګمراټ دے، ګمراټ ته د تلو د پاره یا سوات علاقے ته یا مختلفو علاقو ته د تلو د پاره چې کوم روډونه دی او کوم وسائل دی او کومے لارے دی نو هغه ډیرے د شوار دی۔ ټورازم والا هغې ته په آسانه باندې تن هم نه ایږدی، هلته ځی هم نه۔ نو ظاهره خبره دا ده چې د خلقو هغه Attraction په هغې کښې نشته نو په دې بجټ کښې زه دا کمے محسوسوم چې یره د ټورازم د پاره دیکښې لږ پکار وه چې لاره ایښے شوې وے۔ بهرحال کومے ګلے او شکوے چې مونږه کوؤ، زمونږه ملګری کوی، هغه په خپل ځائے باندې خو زه به دا اووایم چې یره د کوریو مشر، د کوریو قائد، د هغه سره لس روپئ په جیب کښې دی او مونږه ټول ترے مطالبه کوؤ چې ماله دا واخله او ماله دا واخله او ماله دا واخله نو شاید مونږه ټول به دے باندې سوچ کوؤ که هغه ماله قرض هم اوکړی، سو روپو پورے راله قرض اوکړی خو بیا هم زمونږه هغه ضروریات نه سر کیږی نو دا به زمونږ مجبوری وی او دے بینچونو باندې چې کوم ملګری ناست دی نو زما یقین دا دے چې دا خو اکثر په ګورنمنټ کښې پاتے خلق دی، ښه Expert خلق دی،تجربه کاره دی۔ د دې ټولو څیزونو هغه هر څیز ورته پته ده نو داسې نه ده، یو ځل زمونږ یو مشر دے خدائے د اوبخښی اوس وفات شوې دے، هغه وئیل چې ما په اسمبلئ کښې هم دغسې یوه خبره راټینګه کړه نو بیا راته متعلقه وزیر اعلیٰ صاحب اووئیل چې تاسو به شی او بیګم صاحبه به شی، فلانه به شی او بالکل د دې مسئلے حل راوباسئ نو ماورته اووئیل چې حل ئے ځان له راوباسه۔ بیا ئے راته پخپله اووئیل چې هغه حل ئے هم ګران کار وو۔ حل ئے هم نه راوتو نو ځکه مے ورته داسې خبره اوکړه۔ نو دا ټهیک خبره ده چې ګلے هم مونږه کوؤ، شکوے هم کوؤ په شعر و شاعری کښې د سلیم، ډاکټر سلیم صاحب شا نته هغه یو زبردسته شکوه هم کوی، خو بهرحال چې څه نه وی نو د اوچے ډاګے به وائی سیلئ څه یوسی۔ خو

بیا هم زمونږه لږے لږے شکوے خو شته د خپلو وزیرانو په نوم باندې به زه هم دا شعر عرض کړمه چې۔

خوش رہو تم اہل صورت تو بڑی بات ہے یہ ۔۔۔ ہم رہے شاد کہ ناشاد کوئی بات نہیں

او بهرحال زه بیا هم دوئ ته دا وایم چې دوئ چې کوم اقدامات او کوم څه کړی دی نو دغه هم قابل دا د دی او قابل تعریف دی او ځکه زه وایم چې۔

غرور دہر کی اس شوخ حوادث کی قسم ۔۔۔ ہم نے بھی پیار سے ملنے کی قسم کھائی ہے

وآخِرُالدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: ډیر ښه۔ جناب شهزاده محمد گستاسپ خان صاحب، جناب شهزاده محمد گستاسپ خان صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: تھینک یو۔ عبدالاکبر خان صاحب کی بجٹ تقریر کے بعد میں سمجھتا ہوں کچھ ایسی بات بچی نہیں ہے کہ ہم اس فلور پر لیکن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو آپ، مطلب یہ ہے کہ کوشش کرتے ہیں۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: کوشش کرتے ہیں کہ جو تھوڑا بہت ہے وہ یہاں پر، جناب! میں مختصراً یہاں پر عرض کروں گا۔ ہمیشہ سے یہ روایت رہی ہے کہ ہاؤس دو حصوں میں ہوتا ہے ایک گورنمنٹ اور ایک اپوزیشن۔ خواہ ہم نے بجٹ دیکھا ہو نہ ہو، اگر ہم اپوزیشن کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں تو ہم بجٹ کو اچھا نہیں کہیں گے اور اسی طرح اگر بجٹ ہم نے پڑھا ہو یا نہ ہو۔ ہمیں اس میں کچھ اچھائی نظر آئے یا نہ آئے لیکن اگر ہمارا تعلق گورنمنٹ کے ساتھ ہے تو ہم ہاتھ کھڑا کریں گے، اس بجٹ کو پاس کریں گے۔ اس پر بحث بھی نہیں کرنا چاہیں گے۔ جناب والا! یہ بجٹ گورنمنٹ کا بھی نہیں ہے، یہ بجٹ اپوزیشن کا بھی نہیں ہے یہ بجٹ صوبہ سرحد کا بجٹ ہے اور اس ہاؤس نے اسے پاس کرنا ہے۔ اس پر اپنی دلیلیں دینی ہیں۔ اس بجٹ میں اپنی رائے کا اظہار کرنا ہے۔ اس اسمبلی نے جناب والا، اس سال کی شروعات ہی سے بڑے بڑے اہم فیصلے کئے اور جو باتیں بھی یہاں پر ہوئیں، میں وثوق سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہاؤس کی اس جانب سے جو باتیں بھی کہی گیئں بڑی اچھی نیت کے ساتھ کی گئی ہیں۔ جو معاملہ بھی ہاؤس میں گورنمنٹ نے اٹھایا، اپوزیشن نے ان کا بھر پور ساتھ دیا۔ اس لئے کہ صوبہ سرحد اسمبلی میں اپوزیشن ایک تعمیری کردار ادا کر رہی ہے اور ان

شاءاللہ تعالیٰ مجھے یقین ہے خداوند کریم کی ذات پر کہ ہمیں جو بھی صوبے کی بھلائی، جس بات میں نظر آئی، ہم گورنمنٹ کا بھی ساتھ دیں گے اور اگر کوئی برائی نظر آئی، آپ یقین مانیں کہ ہم کھڑے ہو کر ضرور آواز اس کے خلاف آٹھائیں گے (تالیاں) جناب والا! شریعت بل کی میں Example quote کروں گا۔ شریعت بل ہاؤس میں لایا گیا۔ اس سے پہلے بھی اسمبلیوں نے بڑے اہم فیصلے کئے ہیں۔ آپ دیکھیں 1970 کی اسمبلی کو، قومی اسمبلی کو، پاکستان کا متفقہ آئین پاس ہوا اور اسلام کی طرف بڑی پیش رفت ہوئی۔ اس کے بعد بھی ہمارے اکابرین بیٹھا کرتے تھے اس اسمبلی میں، اور اس کے بعد جناب والا! اگر ہم یہاں یہ کریڈٹ نہ دیں ان لوگوں کو جنہوں نے اسلام کی طرف مثبت پیش رفت کی، جیسا کہ حدود کا نفاذ جنرل ضیا الحق کے زمانے میں ہوا۔ نظام عشرز کواۃ اس وقت رائج ہوا یہ بھی ایک بہت بڑا اقدم تھا۔ اس کے بعد جناب والا! قومی اسمبلی نے شریعت بل پاس کیا اور آج خدا کے فضل و کرم سے شریعت بل اس اسمبلی نے بھی متفقہ طور پر پاس کیا۔ اگر کوئی اس کا اکیلے میں کریڈٹ لینا چاہے تو اسے ووٹ نہیں مل سکتا کیونکہ ہم سب موجود تھے اور ہم نے ووٹ دیئے (تالیاں) پھر جناب والا! بجٹ میں تنازعہ باتیں اٹھائی جا رہی ہیں۔ ہم نوٹ کر رہے ہیں کہ "ملا نے مسلمان بنایا، مسلمان نے مسلم لیگ بنائی، مسلم لیگ نے پاکستان بنایا" کسی نے مسلمان نہیں بنایا، ہمارے رب العزت نے مسلمان بنایا، نبی کریم ﷺ کے طفیل مسلمان بنایا (تالیاں) اور ملا بھی مسلمان ہیں ملا کوئی علیحدہ طبقہ نہیں ہے۔ ملا اپنے آپ کو مسلمانوں سے الگ نہ کریں۔ ملا نے مسلمان بنایا؟ نہیں، ہم سارے مسلمان ہیں۔ خداوند کریم کی پیدائش ہیں اور ہم اللہ کے فضل و کرم سے۔۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: ملاں نے مسلمانی سکھائی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: نہیں بنایا تھا، آپ نے کہا تھا، جی۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: نہیں ملا نے مسلمانی سکھائی ہے میں نے اس طرح نہیں کہا تھا۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: جی جناب والا! میں اتفاق کرتا ہوں جی مولانا مجاہد صاحب سے (قہقہہ/تالیاں) جناب والا! اسلام کسی ایک طبقے کا دین نہیں ہے، اسلام ایک طبقے کا دین نہیں ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Please.

شہزادہ محمد گستاسپ خان: اسلام سب مسلمانوں کا دین ہے۔ اسلام اتنا ہی میرا بھی ہے جتنا کہ مولانا مجاہد صاحب کا ہے یا دوسرے کسی عالم کا ہے، ہم سب کو اسلام سے عقیدت ہے۔ ہم سب کو اسلام سے پیار ہے۔ لیکن جناب والا! ہم دیکھتے ہیں کہ ہم کیسی پیش رفت کر رہے ہیں اسلام کی طرف؟ ہم کس طرح اسلام کی طرف جا رہے ہیں؟ آیا ہم وہ حقوق ادا کر رہے ہیں؟ آیا ہم لوگوں کے وہ مسائل حل کر رہے ہیں؟ آیا ہم اس طرف پیش رفت کر رہے ہیں کہ جب خلیفہ وقت کہتا تھا کہ دجلہ کے کنارے اگر کتا بھی بھوک سے مر جائے گا تو خلیفہ اس کا ذمہ دار ہو گا (تالیاں) آیا ہم اس طرف جا رہے ہیں؟ آیا ہم نے بجٹ کو اس روشنی میں بنایا ہے؟ آیا ہم اس بجٹ کو اسلامی کہہ سکتے ہیں؟ آیا ہم نے اس میں انصاف کیا ہے؟ جناب والا! نبی کریم ﷺ نے جب ہجرت فرمائی اور مدینہ تشریف لے گئے اور وہاں پر اسلامی فلاحی ریاست کا قیام جب عمل میں آیا تو وہاں پر انصاف تھا۔ وہاں پر Rule of law تھا، وہاں پر مسلم اور غیر مسلم کو بھی انصاف ملتا تھا ہر ایک کیلئے ایک قانون تھا اور قانون کے تحت اسلامی ریاست چلی اور دنیا میں وہ سپر پاور بنی اور اس نے ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ یورپ تک گئے۔ سنٹرل ایشیا تک پہنچے، چائنا تک اسلام گیا۔ انڈیا اس کے پاس آیا، افریقہ میں وہ چلے۔ کیوں؟ کیونکہ Rule of law تھا، اسلام تھا، معاشی انصاف تھا، دجلہ کے کنارے اگر کتا بھی بھوک سے مرتا تھا تو خلیفہ ذمہ دار ہوتا تھا۔ اس لئے اسلام نے ترقی کی۔ لیکن آج ہم کیا کر رہے ہیں؟ آج ہم کیا کر رہے ہیں؟ ہم اسے دیکھیں۔ ہم سب یہاں پر بھیجے گئے ہیں۔ اس لئے بھیجے گئے ہیں کہ ہم عوام کی ترجمانی کریں۔ ہم تعمیری سوچ لیں۔ ہم Contribute کریں۔ ہم حکومت کی معاونت کریں۔ کیونکہ Opposition and the government both گورنمنٹ کا ہی حصہ ہوتے ہیں۔ یہ ہاؤس گورنمنٹ کا حصہ ہے اگر ہم تنقید کریں گے تو اس سے آپ سبق لیں، اس سے آپ فائدہ لیں۔ اگر آپ کوئی اچھا کام کریں گے اور ہم آپ کا ساتھ نہیں دیں گے تو ظاہر ہے یہ عوام تو دیکھتے ہیں، یہ لوگ تو دیکھتے ہیں لوگ آپ کو اچھا کہیں گے اور ہمیں برا کہیں گے۔ میں یہاں پر یہ گزارش کرتا چلوں جناب والا! یہ اس صوبے کے وسائل ہیں، یہ کسی کی جاگیر نہیں ہیں، یہ کسی کی جیب کے پیسے نہیں ہیں۔ یہ صوبے کے پیسے ہیں۔ آپ دوسرے ملکوں سے قرض لے رہے ہیں، آپ بیرونی ممالک سے قرض لے رہے ہیں۔ آپ فیڈرل گورنمنٹ سے لڑائی کریں، ہم اپنا حق مانگنا چاہتے ہیں اور اپنے حق سے زیادہ بھی مانگنا چاہتے ہیں لیکن

کس لئے، ہم یہ سوچ کریں کہ آیا جو ہمارے پاس ہے کیا ہم نے اسے عوام کی بہتری کیلئے استعمال کیا ہے؟ جو ہمارے تعلیم کا نظام ٹھیک ہے؟ آیا ہم نے جو سالانہ ترقیاتی پروگرام بنایا ہے، میں سر، اعداد و شمار میں نہیں جاؤں گا کیونکہ وہ، بہت سارے ممبروں نے بتادیئے ہیں، کیا ہم نے وہ Targets جو حاصل کرنے تھے، حاصل کرلئے ہیں؟ کیا وہ پیسہ صحیح سمت میں خرچ ہوا ہے؟ جناب والا! غور سے دیکھیں۔ میں خود بھی چار دفعہ وزیر رہا ہوں۔ آپ اگر اسے اس نظر سے دیکھیں جو نظر ہونی چاہیئے تھی ان چیزوں کو دیکھنے کی، تو ہم اپنا کوئی ٹارگٹ بھی Achieve نہیں کرسکے۔ ہم بہت پیچھے ہیں۔ اے ڈی پی کا ایک پراسس ہوتا ہے، بجٹ بنانے کا ایک پراسیس ہوتا ہے، ایک طریقہ کار ہوتا ہے۔ ایک مشاورت ہوتی ہے، مشاورت سے چلایا جاتا ہے، اس میں بیوروکریٹس بھی ہوتے ہیں، اس میں عوامی نمائندے بھی ہوتے ہیں اور ہمیشہ سے چیف منسٹرز، قائد ایوان جو ہوتے ہیں، وہ ان لوگوں سے مشاورت کرتے ہیں، جن کا وہ سمجھتے ہیں، خواہ وہ اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہوں، خواہ وہ گورنمنٹ سے تعلق رکھتے ہوں۔ وہ اس صوبے کے لوگ ہوتے ہیں ذمہ دار لوگ ہوتے ہیں، انہیں بٹھا کر پوچھا جاتا ہے، ایسا ہوتا رہا، ہمارے ساتھ چیف منسٹر مشاورت کرتے رہے ہیں، پوچھا جاتا ہے کہ آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ بتائیں ہم یہ بجٹ کس طرح سے بنائیں اور اے ڈی پی کا All the year round کا ایک Process ہوتا ہے وہ Process کیا ہے؟ آپ کو جناب والا! بخوبی علم ہے، ہم نے ایک ساتھ چار دفعہ اسمبلی میں گزارے ہیں۔ آپ کو بہت اچھی طرح سے پتہ ہے۔ جناب والا! وہ Process کیوں The whole year چلتا رہتا ہے اور ساری عمر چلتا رہتا ہے وہ اس لئے کہ صوبے کے اعداد و شمار اکٹھے کئے جاتے ہیں اس کیلئے ایک پلان وضع کیا جاتا ہے لیکن اگر یکمشت اس Exercise کو رد کر دیا جائے، جس پر اتنے اخراجات آئے ہوتے ہیں اور اس کی Replacement چند آدمی اسمبلی سے باہر بیٹھ کر جتادیں اور اسے مہر لگوا کر اسمبلی سے پاس کر دیا جائے تو وہ سالانہ ترقیاتی پروگرام نہیں ہے۔ جناب وہ اے ڈی پی نہیں ہے۔ میں آپ سے گزارش کروں گا، جس طرح عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ کچھ چیزیں ممکن ہوتی ہیں کچھ چیزیں ناممکن ہوتی ہیں۔ جو ناممکن ہیں ان کیلئے ہم آپ سے گزارش کریں گے، اس ہاؤس سے گزارش کریں گے، قائد ایوان سے گزارش کریں گے، سینیئر منسٹر سے گزارش کریں گے کہ جو ممکن ہے وہ Relief دیا جائے۔ جناب والا! یہ پاکستان ایک غریب ملک ہے اور یہ صوبہ بھی بہت غریب ہے۔

اس میں اتنا فالتو پیسہ نہیں ہے جسے ضائع کیا جائے۔ جناب والا! ہم نے دیکھا ہے، آپ نے دیکھا ہے، ہم خود سکیمز دیتے رہے ہیں۔ ایک حکومت آئی ہے اس نے کہا کہ BHUs نہیں بنیں گے، 30 سال پہلے فیصلہ ہوتا ہے، گورنمنٹ آف پاکستان فیصلہ کرتی ہے کہ RHCs بنیں گے اور BHUs بھی بنیں گے اور دیہاتیوں کو صحت کی سہولت پہنچائی جائیں گی اور 30 سال بعد حکومت کو خیال آجاتا ہے کہ اس وقت ہم غلط ہوئے تھے اربوں روپے اس پر خرچ ہو چکے ہوتے ہیں اور انہیں Discard کر کے ایک نیا پلان دے دیا جاتا ہے اور وہ ویسے ہی پڑے رہتے ہیں۔ جناب، سکولز موجود ہوتے ہیں اور اور سکولز میں استاد نہیں ہوتے۔ جناب والا! اب میں مختصر کروں گا، آپ اپنی Environment کو دیکھیں، فارسٹری کو دیکھیں، میں ایک Example quite کروں گا جس طرح بیرونی ممالک سے اس مد میں امداد آئی ہے یا جو ہمارے محکموں کا دعویٰ ہے اگر ہم اس کا حساب کریں اور جو اخراجات آئے ہیں۔ میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں سر، ہم سارے پاکستانی ہیں، ہم اسی ملک میں پیدا ہوئے ہیں، ہم نے اپنے حالات دیکھے ہوئے ہیں تو آپ اگر اس بات کا اندازہ لگائیں کہ جو اخراجات ہیں اور جو ہمارے ڈیپارٹمنٹس کے دعوے ہیں تو آپ کو پاکستان میں تو کیا صوبہ سرحد میں ایک انچ زمین بھی ایسی نہیں ملے گی جہاں پر درخت نہ کھڑا ہو، لیکن اگر آپ آگے بڑھیں، جائیں اور خود دیکھیں تو جو درخت پہلے سے تھے وہ بھی صاف ہو چکے ہیں، وہ بھی ختم ہو چکے ہیں۔ جناب والا! میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم ایک Criticism for the sake of criticism کریں۔ ہم آپ کے نوٹس میں لاتے ہیں، یہ آپ نے کرنا ہے، یہ حکومت وقت نے کرنا ہے اگر حکومت نہیں کرے گی تو باہر سے کوئی آدمی آکر یہ نہیں کرے گا۔ لیکن کرنے کیلئے ایک سوچ چاہیئے کرنے کیلئے ساتھی چاہییں، کرنے کیلئے ایک مثبت تبدیلی لانی چاہیئے جو میں دیکھ رہا ہوں سر کہ وہ نہیں آرہی۔ ہم لوگ For the sake of passing the Budget بجٹ پاس کریں گے کیونکہ ہماری شان ہے کہ اگر بجٹ پاس نہ ہوا تو خرابی ہو گی اور ہم اپوزیشن والے مخالفت اس لئے کریں گے کہ آپ اسے پاس کر رہے ہیں، آپ پاس کروانا چاہتے ہیں۔ نہیں، ہم ہاؤس ہیں سر، اس صوبے کے عوام نے ہمیں بھیجا ہے اور اگر ہماری مشاورت اس میں نہیں لی جاتی اور اگر ہمیں بجٹ کی Preparation میں اور صوبے کے معاملات میں شامل نہیں کیا جاتا، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں سے مینڈیٹ مانگ کر ہم یہاں آئے ہوئے ہیں

تو وہ رائیگاں جائے گا۔ جس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ تو میری آپ سے یہ گزارش ہوگی سر، کہ اسے اس حد تک کہ جس حد تک ممکن ہے، Review کیا جائے۔ اس پر Meetings call کی جائیں اور اب جو Things spreading of resources ہیں، ضائع کرنے والی بات ہے کہ ایک سکیم، جیسے مثال دینا چاہتا تھا کہ دس سال بننے میں لگیں گے وہ سکیم سر، اگر سب پر کام شروع نہ کیا جائے اور تمام اضلاع میں کچھ نہ کچھ دیا جائے اور اتنی Funding کی جائے کہ پیسے ضائع نہ ہوں، دس سالوں پہ نہ جائیں، تھوڑے عرصے میں، جتنے تھوڑے منصوبے ہیں، وہ مکمل کئے جائیں تاکہ اس غریب صوبے کا پیسہ ضائع نہ ہو۔ میری یہی گزارشات تھیں۔ Think you very much sir

جناب سپیکر: نسرین خٹک صاحبہ! آج میرے خیال میں گزارشات نہیں ہیں۔

محترمہ نسرین خٹک: نہیں جی۔

جناب سپیکر: اگر شاد محمد خان نے پوائنٹ آف آرڈر نہ کیا تو میں آپ کو Free hand دوں گا۔

جناب شاد محمد خان: جناب! میں ٹائم دیتا ہوں۔ پوائنٹ آف آرڈر نہیں کرتا۔۔۔۔۔

محترمہ نسرین خٹک: اچھا، Thank you very much چلیں انہوں نے ٹائم دے دیا ہے جی۔ اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ صوبائی بجٹ پر بات ہو رہی ہے اور یہ پیر کے دن پیش ہوا ہے، ابھی تک اس پر کافی بحث ہو چکی ہے تو میں اعداد و شمار ذرا کم ہی Quote کروں گی اور کوشش یہ کروں گی کہ Criticism, for the sake of criticism نہ ہو اور تجاویز جہاں پر میری Experience کے طور پر ہو، وہ میں بروئے کار لا کر فلور آف دی ہاؤس پر لاؤں گی۔ بات کچھ یوں ہو رہی تھی کہ یہ سرپلس نہیں، Deficit بجٹ ہے، پھر اعداد و شمار کی بات آئی گی لیکن ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر Hypothesis پر ہمیں چلنا ہے اور اگر ہم نے Royalty on natural gas and crude oil جیسے منصوبوں پر انحصار کرنا ہے تو میرے خیال میں یہ کہنا قبل از وقت نہیں ہے کہ 10 سے 15 بلین کا Deficit تو عام الفاظ میں ہمیں آنے والے کل میں نظر آئے گا۔ اب اگر دیکھا جائے تو اس بجٹ میں World Bank structural adjustment credit کی بھی بات کی گئی ہے، میں زیادہ بات اس پر نہیں کرنا چاہتی ہوں، لیکن جب بین الاقوامی تقاضوں کی بات ہوتی ہے تو

کچھ لوازمات ضرور ہوتے ہیں اور جب ہم بین الاقوامی Agreements پر Sign کرتے ہیں تو یہ پھر ہماری بھی ذمہ داری ہوتی ہے کہ ان لوازمات پر کڑی نظر رکھیں۔ جناب عالی! دیکھا جائے تو ہمارے 15% جو محاصلات ہیں، وہ ابھی قرضہ جات میں جائیں گے، اب یہ ایک حقیقت ہے، یہ Hypothesis نہیں ہے اور ہمیں اس کو مد نظر رکھ کر اپنا Road map for economic development بنانا ہوگا۔ اب اس بجٹ کے جو اچھے پوائنٹس ہیں، میں اپنے فرائض میں کوتاہی کروں گی کہ ان پوائنٹس کی نشاندہی میں نہ کروں۔ جناب سراج الحق صاحب نے اپنی بجٹ کی Speech میں اور Post Budget press conference میں ذکر کیا ہے Economic accountability system کا، بڑی اچھی بات ہے، Monitory and evaluation کے Indication ہمارے صوبے میں رائج نہیں تھے لیکن آپ اس بات پر ضرور غور کریں کہ یہ آپ نے Provincial level کی بات کی ہے، ڈسٹرکٹس پر بھی اگر Accountability کا Monitoring and eve lavation کے Indicators کو رائج کیا جائے تو یہ ہمارے صوبے کے مفاد کے لئے ہے۔ ابھی آپ اگر دیکھیں تو آپ نے خواتین کی ویلفیئر کے بارے میں بہت کچھ کہا ہے چونکہ میرا اس شعبے سے وقتاً فوقتاً پچھلے بیس سال سے تعلق رہا ہے تو میں صرف آپ کو یہ کہنا چاہوں گی، بڑی اچھی بات ہے، ہم کب کہتے ہیں کہ قرضے آپ نہ جاری کریں لیکن دیکھا جائے تو بینک آف خیبر کی سطح تک زیادہ انحصار ہے۔ اس کو ذرا Decentralize بھی کیا جائے، موبائل قرضہ جات دیئے جائیں اور صرف قرضے دینا کافی نہیں ہوتا ہے۔ آپ نے یہ بھی سوچنا ہے کہ خواتین کی مصنوعات کی مارکیٹنگ کس طرح کی جائے؟ Middleman کو زد کس طریقے سے لگانی ہے اور آپ بار بار Loans کی بات کر رہے ہیں۔ بڑی اچھی بات ہے لیکن اس کی تو نشاندہی آپ کریں کہ اس میں Collateral بھی چاہئیے ہوں گے۔ Guarantees چاہئیے ہوں گی، Securities چاہئیے ہوں گی یہ ون ونڈو آپریشن ہوگا۔ یہ وضاحتیں آپ سے ہم طلب کرتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ جن خواتین کو قرضہ جات چاہئیں، یہ میں فلور آف دی ہاؤس پر کہنا چاہتی ہوں کہ وہ سفید پوش گھرانے ہوتے ہیں، ان کیلئے بینک آف خیبر اور یہ بڑی اچھی بات ہے کہ بینک آف خیبر نے پیشرفت کی ہے لیکن ان گھرانوں کیلئے آسان شرائط پر قرضہ دینا، سافٹ لونز پر قرض دینا بڑا ضروری ہوتا ہے۔ یہ گھرانے وہ ہوتے ہیں جہاں پر کبھی سنگل

وومن سارے گھر کو سنبھال رہی ہوتی ہے تو اس معاملے میں ذرا سا آپ کو سوچنا ہوگا۔ اب پھر آپ نے بات کی ہے خواتین کے میڈیکل کالجز کی، وومن یونیورسٹیز کی، ہم تو بڑے خوش ہیں اس بات پر کہ آپ نے خواتین کے میڈیکل کالجز کی بات کی ہے لیکن خدارا Just a word of caution جی، میں ایم اے، میں اس حکومت کو بالکل Criticize نہیں کرتی ہوں کیونکہ ان کو ورثے میں گومل میڈیکل کالج اور سیدو میڈیکل کالج کے پرابلمز ملے تھے لیکن Two wrongs don't make a right اب یہ تو ہمارے چیئرمین سیدو کالج کے دل سے پوچھیں اور ہمارے چیئرمین گومل میڈیکل کالج کے دل سے پوچھیں کہ کتنے کم وقت میں انہوں نے اس کو Crisis سمجھ کر ان کالجز کی حالت کو تو، تو خدارا یہ وومن میڈیکل کالج کا بھی کہیں ایسا Fate نہ ہو، ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن یہ کچھ Suggestions ہیں جن پر آپ نے سوچنا ہوگا۔ آپ دیکھیں یہ سکولوں کی آپ بات کر رہے ہیں کہ ایجوکیشن کو بڑھانے کی، بالکل بڑھائیں، سو بار بڑھائیں یہ ہمارے صوبے کی وقار کی بات ہے لیکن اس بجٹ میں، میں دیکھ رہی ہوں کہ یہ بھاری بھر کم Construction oriented Budget ہے اس میں سکولوں کو بنانے کی بات کی جارہی ہے، ضرور کیجیئے لیکن میں نے سکولوں کا معائنہ کیا ہے سارے صوبے میں کسی نا کسی منصوبے کے حوالے سے، آج بھی ایسے Ghost schools موجود ہیں کہ جہاں پر ہم تو یہ بطور مسلمان کہتے ہیں کہ صفائی نصف ایمان ہے، بالکل ہے لیکن ان سکولوں میں واٹر سپلائی نہیں ہے، Sanitation، لیٹرین کی ابھی بھی عدم موجودگی ہے تو آگے دوڑ اور پیچھے چھوڑ کی پالیسی نہیں ہونی چاہیئے۔ ضرور آپ سکول بنائیں لیکن جو Existing schools ہیں وہ بھی میرے اور آپ کے صوبے کا ایک گلیشئر ہیں تو ان کا بھی آپ ضرور خیال کریں۔ اب حیران کن بات یہ ہے کہ یوتھ کو، ہم نوجوانوں کو Architects of the nation کہتے ہیں، بطور ماں میں سب سے پہلے اس بات کی تائید کرتی ہوں لیکن یوتھ پالیسی میں یہ بجٹ Totally silent ہے آخر کیوں؟ ہمارے اپنے جو بچے ہوتے ہیں وہ کبھی Drug addiction کی طرف جاتے ہیں تو بڑی آسانی سے اپنی ذمہ داری کو رد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ بے راہ روی کا شکار ہیں، ایسی بات نہیں ہے، اس یوتھ پالیسی کو بالکل Silent رکھا گیا ہے آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ اب لاء اینڈ آرڈر پر میں دیکھتی ہوں کہ Allocation reduce ہوئی ہیں۔ یہ بہت تشویش کی بات ہے لاء اینڈ آرڈر پر رقم بڑھانی چاہیئے تھی اور

اس میں صرف میں یہ کہوں گی کہ پشاور میں خواتین کا ایک پولیس سٹیشن ہے اور شاید اس کی Jurisdiction کی بھی، حدود کی تعیناتی نہیں ہوئی تو متواتر پولیس سٹیشن کی اگر اتنی Financial allocation نہیں ہے لیکن جو موجودہ پولیس سٹیشن ہیں، ان میں خاص طور پر خواتین کے لئے ایک لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے وہ ہونا چاہیئے۔ دیکھا جائے تو ہیلتھ پر بھی کمی آئی ہے، تشویش ہے اور واٹر سپلائی جیسے Important area میں، پبلک ہیلتھ میں ناکافی، میں سمجھتی ہوں بالکل ناکافی Allocation ہوئی ہے۔ واٹر ایک Basic human right ہے۔ ہمارے صوبے میں وقتاً فوقتاً اس معزز ایوان میں بھی بات ہوئی ہے تو اس میں Allocation بڑھانی چاہیئے۔ اب آخر میں، میں یہ کہوں گی کہ ایک بہت اچھا اقدام جو اس بجٹ میں کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ میڈیکل بلز جو تھے، وہ اب فی الفور دیئے جائیں گے۔ سر آخر میں کہوں گی کہ جناب سپیکر صاحب، ملاکنڈ ڈویژن کی جب بات ہوتی ہے تو ہمیں چاہیئے تھا کہ اس بجٹ میں ذرا فارن ایکسچینج کی بھی بات کرتے کہ ہمیں کیسے فارن ایکسچینج مل سکتا ہے؟ وہ Sick industries کو تو Revive کرنے سے کچھ نہ کچھ ہو گا لیکن ٹورازم، ملاکنڈ جیسی خوبصورت جگہ جہاں پر ارکیالوجی ہے، جہاں پر Ski resort ہے، جہاں وڈ ورک ہے، جہاں پر منرلز ہیں۔ Budget is completely silent over that، اب آخر میں جی ذرا تلخ سی بات ہے۔ آپ نے سوشل سیکٹر کی بات کی ہے۔ یہاں پر نابینا افراد کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان کو White canes ملیں گے اور ان کے خاندان کی خواتین کو Sewing machines ملیں گی۔ جناب والا! قول و فعل میں تضاد کبھی نہیں ہونا چاہیئے۔ اسی پشاور میں جی ٹی روڈ پر Government Institute for visually handicap ہے حیران کن بات یہ ہے کہ ان کی گرمیوں کی چھٹیوں سے پندرہ دن پہلے نابینا افراد کو کہا گیا ہے کہ اس Premises کو آپ چھوڑ دیں، وہاں پر De-Toxification centre بنایا گیا ہے۔ ہم کب کہتے ہیں کہ De-Taxification centre نہ بنایا جائے۔ ہیروین کے جو عادی مریض ہوتے ہیں، وہ بھی ہماری توجہ کے طلبگار ہیں لیکن ایک ٹیکنکل مسئلہ جو تھا بلائنڈ سکول میں وہ یہ ہے کہ نابینا افراد، یہ خوف خدا کی بات ہے کہ وہ ایک خاص ترتیب کے تحت پیشرفت کرتے ہیں کلاس رومز میں، ان کے جو Equipments ہوتے ہیں، وہ انتہائی حساس ہوتے ہیں۔ اگر اس کا تھوڑا سا ہندسہ ادھر ادھر ہو جائے تو الف کو "ی" اور "ی" کو "ج" اور "د" پڑھے جانے کا ڈر

ہوتا ہے۔ صرف نابیناؤں پر برق گرنی تھی؟ بہت ساری اور جگہیں تھیں اور کہا یہ جاتا ہے کہ یہ Temporary چیز ہے لیکن یہ ماننے کیلئے کم از کم میں تیار نہیں ہوں اور نابینا افراد کیلئے فی الفور اس کا سد باب کیا جائے۔ اس کے علاوہ میں صرف یہ کہوں گی کہ اگر ہماری تجاویز نہ دیکھ کر یہ حالت ہے تو خدارا ہماری اپوزیشن کی تجاویز دیکھ کر بھی کوشش کریں، شاید ایڈیشنل اے ڈی پی کے Vol-2 میں کچھ بہتر صورت آجائے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ زبیدہ خاتون صاحب۔

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: بس آخری (تالیاں) دا د ټریژی بینچیز نه پاڅیده څکه پوائنټ آف آرډر کوے۔ ما خو تپوس کړے وو، ما وئیل پوائنټ آف آرډر اوکړه۔ هغه Relaxation اوس دے بلے ته هم ورکړه جی۔

محترمہ زبیدہ خاتون: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ نحمده و نصلی علی رسول الکریم! مسٹر سپیکر سر! شکریہ میں آپ کے توسط سے محترم وزیر خزانہ صوبہ سرحد، جناب سراج الحق صاحب کو موجودہ حالات میں ایک بہترین اور متوازن بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں (تالیاں) مسٹر سپیکر سر! کوئی بھی انسانی کاوش غلطیوں سے مبرا نہیں ہوا کرتی اور اس میں کچھ نہ کچھ غلطیاں ہوا کرتی ہیں لیکن یہ بجٹ اس لحاظ سے اہم ہے کہ جب سے محترم اکرم خان درانی صاحب کی قیادت میں صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت قائم ہوئی ہے، یہ اس کا پہلا بجٹ ہے اور اس لحاظ سے اس بجٹ میں عوامی امنگوں کی عکاسی ہوتی ہے جو عوام الناس نے ایم ایم اے کی حکومت سے باندھ رکھی ہیں۔ صوبہ سرحد کے غیور عوام نے ایم ایم اے کو اسلام کے نام پر ووٹ دیا ہے اور یہ امید وابستہ کی تھی کہ وہ ایک ایسی صاف ستھری راست باز قیادت فراہم کرے گی جو خوف خدا، فکر آخرت کے جذبے سے سرشار شب و روز مخلوق خدا کی خدمت میں مصروف رہے گی۔ الحمد للہ شریعت بل کی منظوری اور اب اس بجٹ کو پیش کرنے کے بعد ایم ایم اے ان توقعات پر پوری اتر رہی ہے۔ اس بجٹ کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں خواتین کیلئے جو اقدامات کئے گئے ہیں، یہ سراہنے کے قابل اقدامات ہیں۔ میرے خیال میں صوبہ سرحد کی تاریخ میں اس بجٹ کو ایک خاتون دوست بجٹ کہا جا سکتا ہے (تالیاں) خواتین یونیورسٹی کا قیام ملک بھر کی خواتین کا ایک دیرینہ مطالبہ رہا

ہے اور صوبہ سرحد کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کے قیام کا فیصلہ کر لیا گیا ہے اور عملی نفاذ کیلئے بھی کوشش شروع ہو گئیں ہیں۔ اسی طرح صوبہ سرحد کی طالبات کا ایک اہم مطالبہ خواتین میڈیکل کالج کا قیام تھا جس کے لئے بجٹ میں فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح خواتین کیلئے مزید تعلیم و تربیت کے ادارے قائم کرنا، ملازمتوں کی سہولتوں میں اضافہ اور گھریلو صنعتوں کیلئے قرضہ جات کی سہولتیں قابل تحسین ہیں اور ہم خواتین کی نمائندگان وزیر اعلیٰ اکرم خان درانی صاحب، ارکان کابینہ اور اراکین صوبائی اسمبلی کے مشکور ہیں۔ یہ تمام باتیں جو ہیں بیشک اس میں بہت سے مسائل اور مشکلات ہوں گی اور ان کی Implementation کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن اگر عزم پختہ ہو اور ارادہ بھی پکا ہو نگاہ بلند ہو اور سخن دلنواز اور جان پر سوز ہو تو کوئی بھی کام مشکل نہیں ہوتا۔ بڑے بڑے کام بھی آسان ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب میں آپ کی توجہ بجٹ میں ضلع پشاور کی ترقی کیلئے رکھے گئے ترقیاتی منصوبوں کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں۔ ضلع پشاور جو صوبائی دارالحکومت ہے، ہم سب کی توجہ کا مستحق ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ گزشتہ ادوار میں اس کو بری طرح نظر انداز کیا گیا جس کے نتیجے میں جب ہم اسلام آباد، کراچی وغیرہ ،اس طرح کے شہروں میں جاتے ہیں تو ہمیں احساس کمتری کا احساس ہوتا ہے۔ میں جناب وزیر خزانہ، سراج الحق صاحب کی مشکور ہوں کہ انہوں نے پشاور کی ترقی کے لئے بجٹ میں کچھ رقم تو مخصوص کی ہے لیکن ان سے مطالبہ ہے کہ اس میں مزید اضافہ کیا جائے اور پشاور کی ترقی اور اس کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر۔ میرے خیال میں آپ تھکے ہوئے ہوں گے لیکن تھوڑا سا حوصلہ رکھیں۔

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر صاحب! میں خاص طور پر ذکر کرنا چاہوں گی شعبہ صحت میں خطرناک امراض کے شکار مریضوں کیلئے رکھی گئی رقم کا جو کہ ایک انتہائی ضروری اقدام تھا اور امید ہے کہ اس رقم کا درست استعمال ہو گا۔ میری یہ تجویز ہے کہ ہیپاٹائٹس جیسے موذی مرض سے نمٹنے کیلئے بڑے پیمانے پر ویکسین کا بندوبست کیا جائے۔ کیونکہ یہ مرض سرطان کی طرح پھیلتا جا رہا ہے اور میری یہ تجویز ہے کہ جس طرح پولیو مہم گھر گھر پہنچانے کے لئے کوشش کی گئی ہیں، اسی طرح ہیپاٹائٹس کے لئے کوششیں کی جائیں۔ جناب سپیکر! میں آخر میں آپ کی توجہ امن وامان کے قیام کے لئے رکھی گئی تین ارب روپے کی

جانب مبذول کرانا چاہوں گی۔ میرے خیال میں عوام کی امن و سلامتی، جان ومال و آبرو کی حفاظت کسی بھی حکومت کا اولین فرض ہے۔ بد قسمتی سے ضلع پشاور میں باالخصوص اور پورے صوبے میں باالعموم پولیس کا موجودہ نظام اس میں ناکام ہو چکا ہے۔ (تالیاں) اور اس کے لئے محترم وزیر اعلیٰ نے بار بار اس عزم کا اظہار بھی کیا ہے کہ ان کی پہلی ترجیح امن وامان کا قیام ہے۔ مجھے امید ہے کہ ان فنڈز کی فراہمی سے اس مقصد کے حصول میں کامیاب ہو جائے گی انشاالله۔ جناب سپیکر صاحب! میں ایک بار پھر محترم جناب سراج الحق صاحب کو بہترین اور سالانہ ترقیاتی منصوبہ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you. The sitting is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب شاہ راز خان صاحب!

میاں نثار گل: جناب! میں نکتہ وضاحت پہ ایک بات کرنا چاہتا ہوں اگر مجھے ایک منٹ کے لئے وقت دیا جائے۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب آپ کیا وضاحت کرنا چاہتے ہیں؟

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر۔ آج کے اخبار میں کل کے اسمبلی سیشن جو بجٹ کے متعلق ہو رہا تھا کے متعلق "روزنامہ مشرق" میں لکھا گیا ہے کہ کرک میں واٹر سپلائی سکیم کیلئے صرف دس لاکھ روپے دیئے گئے ہیں اور یہ بات طاہر بنیامین کی طرف سے کی گئی ہے جو ڈسٹرکٹ ناظم ٹانک کے بیٹے ہیں۔ اصل میں سر، انہوں نے ٹانک کے متعلق بات کی تھی لیکن خدا کے فضل و کرم سے کرک میں کافی واٹر سپلائی کی سکیمیں جاری ہیں اور کافی بجٹ بھی وہاں کیلئے مختص ہوا ہے۔ اس بیان کی وجہ سے مجھے صبح کافی ٹیلی فون آئے۔ میرے ضلع کرک میں جو کام شروع تھے تو کنٹریکٹرز نے ان پر کام بند کر دیا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ اس کیلئے بجٹ نہ ہو۔ میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں اور طاہر بنیامین بھی یہاں موجود ہیں کہ کرک کیلئے خدا کے فضل و کرم سے کافی واٹر سپلائی کی سکیمیں جاری ہیں اور آئندہ سال بجٹ میں بھی اس کیلئے کافی، یہ وضاحت میں اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ "مشرق" کا جو نمائندہ یہاں بیٹھا ہوا ہے برائے کرم وہ اس کی تردید کر لے کیونکہ روزانہ کرک میں پانی کے متعلق جلوس نکلتے ہیں اور یہ بڑا Sensitive مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: جناب شاہ راز خان صاحب۔

نوابزادہ طاہر بنیامین: جناب سپیکر، میری بھی ایک گزارش ہے کہ میں نے جو بات کی تھی دس لاکھ روپے Allocation کی تو وہ ٹانک کے بارے میں کی تھی نہ کہ کرک کے بارے میں، شکریہ۔

جناب سپیکر: جی، جی۔ جناب شاہ راز خان صاحب۔

جناب شاہ راز خان: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، هاؤس خو خالی دے نو زما خیال کہ یو لږ ساعت صبر او کړم۔

جناب سپیکر: بیا زه الحاجیه غزاله حبیب ته موقع ورکوم که تاسو تقریر کول نه غواړئ۔

جناب شاہ راز خان: مهربانی۔ نه تقریر خو به کوؤ جی خو ما وئیل که ملګری راشی لږ نو بیا به ښه وی۔

جناب سپیکر: الحاجیہ غزالہ حبیب صاحبہ۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر میں بجٹ کے اعداد و شمار میں جا کر آپ کا قیمتی وقت ضائع نہیں کرنا چاہتی۔ مسٹر سپیکر صاحب! میں صرف آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ حکومت نے جو وعدے کئے تھے کہ وہ صوبے کے پسماندہ علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دیں گے اور علاقے کے عوام کی بلا تفریق خدمت کریں گے، وہ سارے جھوٹے ثابت ہوئے ہیں۔ ADP book اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو یہ صاف نظر آتا ہے کہ صوبائی حلقوں میں دی گئی سکیموں میں بعض حلقوں کو تو خوب نوازا گیا ہے جبکہ بعض حلقوں کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ مسٹر سپیکر سر! محترم وزیر صاحب نے دور دراز حلقوں سے ممبران اسمبلی کو پشاور بلا کر ADP تجاویز لی تھیں اور ہم بہت خوش تھے کہ ہماری Suggestions کو اس میں شامل کریں گے لیکن یہ تمام کارروائی خانہ پری تھی۔ میں اپنے حلقے PF-57 کے حوالے سے بات کروں گی جو کہ ایک Declared backward area ہے اور جہاں لوگ زندگی کی بنیادی سہولتوں سے بھی محروم ہیں۔ تعلیم، صحت، روڈز، پینے کا پانی اور بجلی جیسی سہولتیں کچھ ہی لوگوں کو میسر ہیں اور باقی محروم ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! اس مظلوم اور پسماندہ علاقے میں کچھ Onward سکیمیں تھیں جن کیلئے ہر سال ADP میں رقم رکھی جاتی تھی لیکن اس سال اس میں

سے کسی بھی سکیم کیلئے کوئی بھی رقم نہیں رکھی گئی۔ان سکیموں میں بین الاضلاعی روڈ مانسہرہ سے دربند براستہ پھلڑہ سرفہرست تھا۔اس پر 23 کلو میٹر تک کام ہو چکا ہے لیکن اس سال اس کیلئے کوئی رقم نہیں رکھی گئی۔ اس کے علاوہ کچھ پانی کی سکیمیں تھیں جن کیلئے حکومت نے فنڈز نہ رکھ کر حلقہ کے عوام کو ان کے جائز حق سے محروم کر دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں جناب وزیر خزانہ صاحب کی طرف سے اس Discrimination پر شدید احتجاج کرتی ہوں اور آپ کی وساطت سے اپنے حلقہ کے عوام سے یہ کہنا چاہتی ہوں کہ وہ حکومت جو انصاف اور حق رسانی کی دعویدار تھی،انہوں نے ان کے ساتھ شدید ناانصافی کی ہے اور اپوزیشن کو دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے۔ مسٹر سپیکر سر! یہاں حضرت علیؓ کا قول بار بار دہرایا گیا ہے کہ ایک حکومت کفر کے سے تو چل سکتی ہے مگر ظلم سے نہیں لیکن جو ظلم عظیم اس کی طرف سے کیا گیا ہے اس کے بعد کیا یہ حکومت چلنے کی متحمل ہے؟ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Thank you very much. Janab Habib ur Rehman Khan.

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر! میں ذہنی طور پر تیار نہیں تھا۔میرا خیال تھا کہ میں پرسوں بروز پیر کچھ تکنیکی پوائنٹس کے بعد عرض کروں گا۔ جناب سپیکر! مالی سال 04-2003 پر بات جاری ہے اور مجھ سے پہلے اس معزز ایوان کے سینیئر ترین اور قابل ترین اراکین نے اظہار خیال کیا ہے اور بجٹ پر مختلف آراء پیش کی گئی ہیں۔ جناب سپیکر! میں ایک جونئیر رکن ہوں اور بجٹ پر تکنیکی انداز میں بجٹ میرے لئے مشکل ہے لیکن پھر بھی بجٹ پر اپنا نکتہ نظر پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ جناب سپیکر! یہ بجٹ ایم ایم اے کے منشور کا عکاس ہے۔ خواتین کیلئے علیٰحدہ یونیورسٹی، میڈیکل کالج کا قیام، شریعت کے نفاذ یعنی حسبہ کیلئے بجٹ میں رقم مختص کرنا، سود سے بتدریج چھٹکارا حاصل کرنا، خواتین کو ان کا جائز مقام دلانا، غربت اور بیروزگاری کا خاتمہ، تنخواہوں میں 15 % اضافہ، غربا اور مساکین کے مفت علاج کیلئے فنڈز قائم کرنا، نابیناؤں کے لئے مفت سلائی مشینوں کی تقسیم، عشر زکواۃ کی مد میں 11 ملین کی خطیر رقم مختص کرنا، جیلوں میں بچوں اور خواتین کی مدد کیلئے 5 ملین کی خطیر رقم وغیرہ، یہ اس بات کا غماز ہیں جناب سپیکر، کہ یہ اسلامی نظام کے نفاذ کی طرف پیش رفت ہے۔ کوئی بھی سیکٹر یا مد ایسی نہیں ہے جس میں رقم نہیں رکھی گئی ہے۔ جناب سپیکر! اس بجٹ میں ترقیاتی اخراجات میں اضافہ اور غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کی کوشش کی گئی ہے۔ گزشتہ مالی سال سے ترقیاتی اخراجات 7 % زیادہ ہیں جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات گزشتہ سال سے کم

ہیں۔ اگرچہ ابھی عوامی حکومت ہے اور عوامی حکومت میں غیر ترقیاتی اخراجات کم کرنا کافی مشکل مسئلہ ہوتا ہے لیکن پھر بھی شاہ خرچیوں کو کم سے کم کرکے اس مسئلے پر قابو پالیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! بجٹ پر مختلف آراء ہیں لیکن میں بجٹ کے حوالے سے گزشتہ حکومتوں اور ایم ایم اے کی حکومت کا تقابلی جائزہ پیش کرنا چاہوں گا۔ جناب سپیکر! اس معزز ایوان میں اپوزیشن بنچوں پر بیٹھنے والے بھائیوں میں سے کسی نے دو اور کسی نے تیسری مرتبہ حکومت کی ہے لیکن یہ پہلی بار ہوا ہے کہ اس معزز ایوان کے ہر رکن کو خواہ وہ ایک طرف کا ہو، خواہ ٹریژری بینچ کا ہو یا اپوزیشن کا ہو، تعمیر سرحد پروگرام کے سلسلے میں پچاس پچاس لاکھ روپے Current financial year کے لئے دیئے گئے ہیں اور وہ فنڈز بھی Non-lapsable ہیں۔ جناب سپیکر! پہلے کسی حکومت نے بھی مساوی فنڈز تقسیم نہیں کئے تھے اور نہ اقلیت اور خواتین کو برابر کا حصہ دیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں تعمیر سرحد کی پہلی قسط مالی سال 03-2002 کی رقم پر ابھی کام شروع نہیں کیا گیا ہے لیکن مالی سال 04-2003 کیلئے 1215 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر! بعض اراکین کو یہ شک ہے کہ ہمیں تعمیر سرحد والا فنڈ نہیں ملے گا لیکن یہ معزز ممبران کی استعداد پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح اپنے حلقے کی سکیمز کو مختلف مراحل سے گزارتے ہیں اور مختلف محکموں سے پاس کرا کر یہاں لاتے ہیں اور میرٹ کی حیثیت سے اس سے اہم اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ پہلی قسط جن پانچ اراکین کو تعمیر سرحد فنڈز ملے ہیں ان میں سے، یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ کسی بھی وزیر کو حتیٰ کہ سپیکر صاحب کو بھی پہلی قسط میں سے پیسے نہیں ملے ہیں۔ جن کو بھی ملے ہیں ان میں اپوزیشن والے بھی ہیں اور ایم ایم اے والے بھی ہیں۔

<u>جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ)</u>: وزیر خزانہ کو بھی نہیں ملے ہیں۔

<u>جناب حبیب الرحمان</u>: وزیر خزانہ کو بھی اس میں سے، پانچ آدمیوں میں کوئی بھی وزیر نہیں، میں نے کہا حتیٰ کہ سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: وزیر خزانہ کو تو سارا خزانہ مل گیا ہے اور وہ کیا چاہتے ہیں؟

<u>جناب حبیب الرحمان</u>: جناب سپیکر! آپ اس معزز ایوان کے سینیئر ترین اراکین میں سے ہیں اور آپ نے مختلف اوقات میں مختلف حکومتیں دیکھی ہیں۔ کیا کبھی پہلے یہ تصور تھا کہ اپوزیشن والوں کو سپیشل فنڈز ملیں گے اور وہ بھی برابر؟ جناب سپیکر! میں اس صوبے کی ایک قد آور، نڈر اور کام کیلئے مشہور شخصیت کے

متعلق ذکر کروں گا کہ کیا آفتاب احمد خان شیر پاؤ کے دور حکومت میں یہ تصور تھا؟ کیا پیر صابر شاہ اور مہتاب عباسی کے ادوار میں ایسا ہوا ہے؟ جناب سپیکر! جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ ہمارے ضلع بونیر کے عوام نے حالیہ انتخابات میں پیپلز پارٹی شیر پاؤ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ پیپلز پارٹی شیر پاؤ پر چارسدہ ضلع کے بعد ضلع بونیر کے عوام نے بھرپور اعتماد کیا ہے اور اس اعتماد کے حوالے سے ایک ایم این اے اور ایک ایم پی اے ان کو ملا ہے۔ اور قومی اسمبلی میں شیر پاؤ کے ساتھ جوڑا ہی بونیر کا ہے۔ جناب سپیکر! ہمارے خان صاحب بڑے منصب پر فائز ہونے اور جمالی حکومت کو اس کی ضرورت ہونے کے باوجود آفتاب احمد خان شیر پاؤ صاحب نے بونیر کیلئے ابھی تک بجلی کا ایک پول بھی منظور نہیں کیا ہے جو ہماری بدقسمتی ہے کیونکہ آفتاب احمد خان شیر پاؤ کو میں پہلے سے جانتا ہوں کہ وہ کام کا بندہ ہے اور صوبے میں انہوں نے اپنے ادوار میں کافی کام کیا ہے لیکن اس کے باوجود، یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ اس حالیہ اے ڈی پی میں بونیر سے سپیکر ہوتے ہوئے بھی اس ضلع کو Developmental کام میں کافی حد تک نظر انداز کیا گیا ہے اور یہ ہماری بدقسمتی ہے۔ جناب سپیکر! میں اپوزیشن کی بعض آراء سے اتفاق کرتا ہوں اور خصوصاً چند نکات میرے بھائیوں، اسرار اللہ خان گنڈا پور، مشتاق غنی اور عبدالاکبر خان نے پیش کئے ہیں۔ جناب سپیکر! میں اس بات میں کوئی جھجک اور عار محسوس نہیں کروں گا کہ ہم ایم ایم اے والے نئے اور ناتجربہ کار ہیں۔ اس ناتجربہ کاری کی وجہ سے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں صحیح طریقہ اختیار نہیں کیا گیا ہے اور اضلاع کے فنڈز میں کافی تفاوت ہے۔ جناب سپیکر! دوسری اہم بات Annual developmental programe میں یہ ہے کہ ہماری حکومت کو بجٹ کی تیاری میں وقت کم ملا ہے کیونکہ بجٹ عموماً مارچ تک مکمل ہوا کرتا ہے۔ جناب سپیکر! تیسری بات یہ ہے کہ اس سال ترقیاتی سکیمز کی تعداد بہت زیادہ ہے اس وجہ سے سکیم بروقت مکمل کرنا اور ان کیلئے بروقت فنڈ مہیا کرنا کافی مشکل مسئلہ ہے۔ جناب سپیکر! بعض سکیمز کیلئے Provision بہت تھوڑی ہے اور اس پر کام شروع کرنا، اس کا ٹینڈر کرنا، یہ ناقابل عمل ہے اور بعض سکیموں کے لئے اتنی رقم مختص کی گئی ہے کہ وہ سال میں خرچ بھی نہیں ہو سکتی۔ جناب سپیکر! اگر ADP کا تفصیلی جائزہ لیا جائے تو اس سے بآسانی اندازہ ہوتا ہے کہ فنڈز میں تفاوت حکومتی ارکان اور اپوزیشن ارکان کے مابین نہیں ہے لیکن ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس اکرم خان درانی صاحب فیاض شخصیت

ہیں، جس کسی نے بھی کام کیلئے کہا ہے، خواہ وہ کسی پارٹی کا بھی ہو، کوئی رکن ہو، خالی ہاتھ نہیں لوٹا ہے جناب سپیکر! کالا ڈھاکہ کیلئے خصوصی پیکیج دینا 84 Kilometer, Black topping of eighty four kilometer roads, electrification of twenty five villages and up gradation of seven schools to middle status. اس کا بین ثبوت ہے کہ ہماری حکومت نے اپوزیشن والوں کو نظر انداز نہیں کیا ہے کہ گورنمنٹ والوں کو پیسے دیئے جائیں اور اپوزیشن کو نہ دیئے جائیں۔ جناب سپیکر! آخر میں میری حکومت سے یہ استدعا ہے کہ ترقیاتی پروگرام کے حوالے سے کوئی ایسا Mechanism وضع کیا جائے جس میں کوتاہیوں کا ازالہ ہو اور سارے منصوبے قابل عمل ہوں۔ میری دوسری تجویز یہ ہے کہ بجٹ تقریر میں انہوں نے عشر کے نظام کی طرف توجہ دلائی ہے اگر عشر کا نظام صحیح طریقے سے نافذ کیا گیا تو پھر ہمیں باہر کے پیسوں پر Poverty alleviation programme کی ضرورت نہیں رہے گی۔ کیونکہ اگر مرکزی بجٹ کا ہم جائزہ لیں تو اس میں بھی Poverty alleviation programme کے پروگرام، اگر زکواۃ اور عشر کا نظام رائج ہو، اگر پہلی دفعہ سارے صوبے کیلئے ناممکن ہو تو میں نے پہلے بھی اپنی نجی محفلوں میں سراج الحق صاحب سے یہ عرض کیا ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن سے عشر کے نفاذ کا عملی اقدام شروع کریں تو انشاءاللہ سوشل سیکٹر میں ہمارے 90 % مسائل حل ہو جائیں گے۔ Janab Speaker, I would like to speak on special schemes in Bunair زہ جی د بونیر پہ حوالہ سرہ شو خبرے کومہ اگرچہ زما دا ملگرے خو نشتہ جمشید خان، ھغہ دومرہ ډیرہ گلہ کړې وہ، زمونږہ بونیر ډیر پسماندہ دے او ما مخکښې ھم ذکر اوکړو چې زمونږہ، دا خبرہ نشتہ چې گنی مونږ سرہ چا دغہ کړے دے خو زمونږہ بدبختہ یو نو چې یو کار خدائے نہ وی مقرر کړے، انسان بہ ئے څہ اوکړی؟ د سکولونو پہ حوالہ سرہ او پہ دې حوالہ سرہ بونیر ډیر زیات پسماندہ علاقہ دہ نو پہ سړکونو کښې مونږ تہ یو سړک نیم ملاؤ شوې دی خو بعض سیکټرو کښې د سرہ بونیر مکمل طور باندې نظرانداز شوې دے۔ یعنی زہ تر دے حدہ پورے وائیمہ چې زمونږہ یو ایریگیشن سیکم وو، یو چینل، خو بدبختئ نہ زمونږہ منسټر صاحب نشتہ، ھغوې پہ بونیر کښې علان کړے وو او بیا ما دے ځائے کښې د اسمبلی پہ فلور باندې ھم، بیا ماورسرہ کوشش کړے وو، دا سیکمونہ تقریباً، ډیر سکیمونہ ما اے ډی پی تہ رسولے وو

او د اے ډی پی په دغه کښې راغلې وو خو چې کله اے ډی پی کتاب ما اوکتو او دا ټول سکیمونه ډراپ شوې وو ځکه چې ما دا دوه میاشتے هیڅ قسم کار بل نه دے کړے خو ما د اے ډی پی په حواله باندې ټولو پی اینډ ډی ډیپارټمنټ چکرے لګولے دی او دا زه په دعویٰ سره وائیمه چې ما په فروریٔ کښې په هر سیکټر کښې۔ په ډسټرکټ لیول او د حلقے په لیول، د ډسټرکټ په لیول ما د ضلع بونیر هر یو سیکټر کښې سوائے د محکمه خوراک نه، چې محکمه خوراک چونکه زمونږ د ګزشته دغه چې کوم دے پیش رو او حکومت لږ ګوتی وهل خوړلے وو، زه په هغې باندې Technically پوهیږمه نه، نو بغیر د محکمه خوراک نه ما په هر سیکټر کښې او په هر محکمه کښې د بونیر په حواله باندې سکیمونه ورکړے وو ان ټائم او په فروریٔ کښې ما د ټولو منسټرانو سره، او ما په هر دغه کښې دا چل کړے وو۔ ما د اسمبلیٔ نه هغه سکیمونه لیږلی وو چې د دې لږ کوتی اهمیت وی او په هر سکیم کښې دا مے پی اینډ ډی سیکرټری ته کاپی کړې وه۔ خو افسوس چې سوائے د یو سړک نیم نه او هغه مونږه چې دا په اے ډی پی کښې دغه خوړلے-----

جناب سپیکر: ولے، ولے شپږ کمرے درته نه دی ملاؤ شوې، ایډیشنل رومز؟

جناب حبیب الرحمن: ځکه چې په دې خو ډیر (قہقہہ) د سراج الحق صاحب دغه ئے راوړے وو زما په خیال سره چې دا بونیر نظر انداز شوې دے۔ چې خلقو به وئیل چې دا بی بی حکومت دے او د ډی ډی حکومت دے، بی بی بونیر بنوں او ډی آئی خان او ډیر نو دوئ دے خبرے ویرولے وو۔ هغه بد اچها بدنام برا، او مونږه خو په دې دغه وو چې روره ته په دې، جناب سپیکر زمونږه دغه دے نو سی ایم پسے دوئیم نمبر سړے دے، نو مطلب دا دے چې سراج الحق صاحب او تاسو درے کسان ئیی، نومونږه وایو چې که ډیر زیات کمے وی نو زمونږ د سپیکر په برکت خو به څه مونږه هم کوتاهی کړې وه، یقیناً مونږه خو په دې دغه وو چې یره زمونږه سپیکر صاحب به هم څه خاص سکیمونه مونږ ته راکړی خو دا به زمونږ، ما خو تاسو ته اووئیل چې د بونیر بدبختی ده، نور څه خبره نشته۔ نورو کښې، Sanitation کښې زمونږ سکیم نشته-----

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرډرا۔ جی بیا خو دوئ مونږ سره ملګری دی چې دا اے ډی پی دے واپس واغستلې شی۔

جناب حبیب الرحمان: نه جی، اے ډی پی مونږ واپس نه اخلو۔

جناب عبدالاکبر خان: نه اخلئ؟

جناب حبیب الرحمان: Mechanism به ورله برابر کړو نو ان شاءالله به اوشی۔ دا بله د هیلتھ په حواله باندې مو خبره کوله چې مخکښې خو به زمونږه عنایت الله رور دغه کولو Categorization and standardization of District Headquarters Hospital باندې به مونږ کوو او باقی کار نه کوو۔ اوس بیا ما پرے ډیر دغه اوکړو، بنه ده دا خو مهربانی سره ئے کړې وه چې په آخر کښې ئے راته پخپله ټیلی فون اکړو او وئیل ئے ستا هغه خبره اوس دغه شوه۔ نو خو زمونږ په بونیر کښې دلته کښې جمشید خان په هغه ایډجرنمنټ موشن باندې په بونیر کښې شپاړلس ډسپنسرئ د مخکښې نه تیارے دی، خو دوئ هیومیو پیتھک ډسپنسری خو قائموی خو هغه ډسپنسری چې په هغې کروړنو روپئ د مخکښې نه لګیدلے دی او هغه تیار آباد دی نو بجټ کښې Provision د هغې د پاره، دا مونږ په حساب نه پوهیږو ځکه پکار ده چې کومے جوړے دی چې هغې باندې د سټاف ورکړے شی او هغه د چالو کړے شی۔ زه به آخر کښې، چونکه ما تقریر تیار کړے نه وو، ما هغه ټیکنیکل پوائنټس باندې مطلب دا دے چې زما څه دغه وو خو تاسو ما سره دغه اوکړو۔ نو زه به په آخر کښې یو مصره نیمه اووائیمه۔

ے
یو زخم نه دے چې به جوړ شی
هزار زخمونه مے په زړه دی مړ به شمه
بس کړه په دغه ځائے به ئے پریږدو
د اباسین په غاړه ځم د تندے مرمه

والسلام۔

جناب سپیکر: انجنیئر حامد اقبال صاحب۔۔۔۔۔

انجینئر حامد اقبال: مهربانی جی سپیکر صاحب۔ زما خو د دوه دریو ورځو نه کوشش دا وو چې تاسو ماله موقع راکړئ او په اے ډی پی باندې چې څومره بحث

